
حیسکو پریس ریلیز 12.09.2026

زیرولوڈشیڈنگ فیڈرز پر بجلی چوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔زیروٹالرینس پالیسی کے تحت ان فیڈرز پر سخت مانیٹرنگ اور مسلسل وجیلنس جاری ہے۔جو بھی صارف یا حیسکو ملازم بجلی چوری میں ملوث پایا گیا،اس کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی،ایف آئی آر درج کی جائے گی،جبکہ ملوث حیسکو ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی بھی کی جائے گی۔قانون کے نفاذ میں کسی بھی فرد کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ڈی ایس یو اور پولیس کے تعاون سے بجلی چوروں کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کر دیا گیا ہے۔حیسکو کا واضح مقصد بجلی چوری کا مکمل خاتمہ،سو فیصد ریکوری کا حصول، صارفین کا اعتماد بحال کرنا اور انہیں بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔اچھی اور شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و ملازمین حیسکو کی ٹیم کا قیمتی سرمایہ ہیں،جبکہ دیگر افسران و ملازمین بھی اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں اور ادارے کی کارکردگی،ریکوری اور بجلی چوری کے خاتمے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں۔چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے حیسکو کانفرنس ہال میں آپریشن سرکل حیدرآباد اور سرکل لاڑ کے افسران کے ساتھ ماہانہ کارکردگی معلوم کرنے کے لیے میٹنگ کی جس میں تمام سب ڈویژنز،ڈویژنز اور سرکلز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا،جس میں ریکوری،لائن لاسز،بجلی چوری کے خلاف اقدامات اور زیرولوڈشیڈنگ فیڈرز کی کارکردگی پر خصوصی توجہ دی گئی۔میٹنگ میں حیسکو چیف نے کہا کہ زیرولوڈشیڈنگ فیڈرز پر بجلی چوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔زیروٹالرینس پالیسی کے تحت ان فیڈرز پر سخت مانیٹرنگ اور مسلسل وجیلنس جاری ہے۔جو بھی صارف یا حیسکو ملازم بجلی چوری میں ملوث پایا گیا،اس کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی،ایف آئی آر درج کی جائے گی،جبکہ ملوث حیسکو ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی بھی کی جائے گی۔قانون کے نفاذ میں کسی بھی فرد کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ڈی ایس یو اور پولیس کے تعاون سے بجلی چوروں کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کر دیا گیا ہے۔حیسکو کا واضح مقصد بجلی چوری کا مکمل خاتمہ،سو فیصد ریکوری کا حصول،صارفین کا اعتماد بحال کرنا اور انہیں بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔اچھی اور شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و ملازمین حیسکو کی ٹیم کا قیمتی سرمایہ ہیں، جبکہ دیگر افسران و ملازمین بھی اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں اور ادارے کی کارکردگی،ریکوری اور بجلی چوری کے خاتمے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں،صارفین کا اعتماد بحال کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ان کے ساتھ خوش اخلاقی،عزت اور احترام سے پیش آیا جائے۔انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے ذریعے صارفین کے مسائل سنے جا رہے ہیں،ٹیلیفون کالز اٹینڈ کی جا رہی ہیں اور صارفین کی عزتِ نفس کا مکمل خیال رکھتے ہوئے انہیں بجلی کی بہتر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔انہوں نے ہدایت کی کہ تمام افسران روزانہ صبح 11 بجے سے دوپہر 1 بجے تک کھلی کچہریوں کا انعقاد یقینی بنائیں اور صارفین کے جائز مسائل فوری طور پر حل کریں۔حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے بہتر کارکردگی دکھانے والے افسران اور تکنیکی عملے کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ جو افسر اور ملازمین محنت اور دیانتداری سے کام کریں گے وہی ادارے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں گے۔انہوں نے واضح کیا کہ پوری ٹیم کو یکجا ہو کر صرف اور صرف کام،کام اور کام کی پالیسی پر عمل کرنا ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ وہ خود اور ان کی ٹیم فیلڈ میں اچانک دورے کرے گی،اور جہاں بھی بجلی چوری پکڑی گئی وہاں متعلقہ انچارج افسر اور لائن اسٹاف کے خلاف موقع پر کارروائی کی جائے گی،جس کے وہ خود ذمہ دار ہوں گے۔حیسکو چیف نے مزید ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ حیسکو گزشتہ مالی سال کے دوران 68 فیڈرز کو زیرولوڈشیڈنگ فہرست میں شامل کر چکے ہیں۔موجودہ مالی سال میں بھی مزید 68 عدد 11 کے وی فیڈرز کو زیرولوڈشیڈنگ کیا جائے گا،ایک ٹیم کی حیثیت سے کام کرتے ہوئے صارفین کا اعتماد بحال کیا جا رہا ہے اور ان شاءاللہ اسی جذبے اور محنت کے ذریعے حیسکو کو مزید ترقی کی راہ پر گامزن کیا جائے گا۔حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے کہا کہ اس وقت صارف دوست پالیسی کے تحت پوری حیسکو ریجن میں بجلی کی فراہمی جاری ہے،لہٰذا تمام افسران اور عملہ عوام اور صارفین کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں،انہیں بہتر سہولیات فراہم کریں اور بجلی کے بلوں کی سو فیصد وصولی کو یقینی بنائیں ڈی جی ایچ ار اینڈ ایڈمن شفیق احمد میمن،چیف ٹیکنیکل/انجینئرنگ ایڈوائزر طفیل حسین میر بحر،چیف انجینئر (پلاننگ) رمیش کمار،چیف کمرشل آفیسرز کی مختیار،ڈی جی (آئی ٹی) نادر علی خشک،منیجر (فنانس) دین محمد کیریو،انچارج پی ڈی سی غلام سرور انڑ،ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن،ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ،پروجیکٹ ڈائریکٹر (کنسٹرکشن) مقصود احمد کوریجو،پروجیکٹ ڈائریکٹر (جی ایس سی) آصف حسین بھٹو،ایس ای (جی ایس او) ساجد علی میمن،منیجر (ایم ایم) شاہد داؤد پوتہ،ریجنل اسٹور منیجر حیدرآباد وقار سلیم،منیجر (ایس اینڈ آئی) منظور علی مگسی،ریجنل منیجر (ایم اینڈ ٹی)/سرکل منیجر ایم اینڈ ٹی (ٹو) فہیم احمد شیخ،سرکل منیجر ایم اینڈ ٹی (ون) صلاح الدین شیخ،ایکسین آپریشن ڈویژن لطیف آباد (ون) وحید علی بریرو،ایکسین آپریشن ڈویژن لطیف آباد (ٹو) ارشد شیخ،ایکسین آپریشن ڈویژن گاڑی کھاتہ عامر نوید میمن،ایکسین آپریشن ڈویژن قاسم آباد اسد اللہ پیرزادہ،ایکسین آپریشن ڈویژن ٹنڈو الہیار عاقب عباس شاہ،ایکسین آپریشن ڈویژن پھلیلی زوہیب شیروانی،ایکسین آپریشن ڈویژن کوٹری اختیار احمد میمن،ایکسین آپریشن ڈویژن ٹنڈو محمد خان ابراہیم کیریو،ایکسین آپریشن ڈویژن ٹھٹہ عمران احمد شیخ،ایکسین آپریشن ڈویژن بدین آصف علی میمن،ڈی سی ایم سرکل حیدرآباد منیر احمد شیخ،ڈی سی ایم/ڈائریکٹر (ٹیکنیکل) سرکل لاڑ نزاکت علی میمن،ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیکنیکل) سرکل حیدرآباد سنیل کمار،پی ایس او/لائزن آفیسر فراز اشرف،ڈپٹی ڈائریکٹر (پی آر) محمد صادق کبر،اور ان کے علاوہ تمام روینیو آفیسرز،ایس ڈوی اوز و دیگر افسران بھی موجود تھے۔



حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کانفرنس ہال میں آپریشن سرکل حیدرآباد اور لاڑ کے افسران سے ماہانہ کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے،اور افسران کو کارکردگی میں مزید بہتری،ریکوری میں اضافے،بجلی چوری کا خاتمہ اور صارفین کو بجلی کی بہتر فراہمی کے حوالے سے ضروری ہدایات دیتے ہوئے۔